ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو، میونسپل کمشنر احمد یار نے کمیونٹی
سینٹر علی نواز جوکھیو گڈاپ ٹاؤن کا افتتاح کرتے ہوئے

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 09/05/2024

حوالہ نمبر TMC/G/INF/048/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو، میونسپل کمشنر احمد یار نے کمیونٹی سینٹر علی نواز جوکھیو گڈاپ ٹاؤن کا افتتاح کیا، چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے لیے ہر سطح پر کاموں کا آغاز کردیا گیا ہے، گڈاپ ٹاؤن کی اکثریتی آبادی دیہات پر مشتمل ہے ان کو اب پہلے سے زیادہ سہولیات سے آراستہ کرنے کا کام شروع ہوگیا ذمے داری ہمارے کندھوں پر ہے اس کا حق پوری طرح سے ادا کرنا ہم پر لازم ہے جس پر سو فیصد عمل کیا جارہا ہے، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے کہا کہ گڈاپ ٹاؤن میں محدود وسائل کے باوجود عوام کو ہم سے جو توقعات وابستہ ہیں ان کو پورا کیا جارہا ہے اپنے اختیارات میں رہتے ہوئے گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو سہولیات فراہم کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے خلوص نیت سے عوام کی خدمت کررہے ہیں، PS کے صدر امداد جوکھیو نے کہا کہ ہم گڈاپ ٹاؤن کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے شکرگزار ہیں کے انہوں نے یہاں پر کمیونٹی سینٹر تعمیر کر کے گوٹھ والوں کا کافی پرانا مسئلہ حل کیا، اس دوران مہمانوں کو اجرک کے تحائف بھی پیش کیے گئے، اس موقع پر کونسل ممبر مرتضی یار محمد، ممبر دانش برفت، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر سلیم میمن، سپرٹنڈنٹ انجینئر فرمان علی لاشاری، ایکسین اشفاق برڑو، AEE مہران ملک، سب انجینئر مرتضی درس، عرفان جویو، علاقائی معززین ابوبکر میمن، صحافی سامی میمن، سرور میمن، عبدالقادر درس اور دیگر شامل تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ